# FORM OF ORDER SHEET

Court of____________________________

**Appeal No. 666/2024**

| S.No. | Date of order proceedings | Order or other proceedings with signature of judge |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 1- | 16/05/2024 | The appeal of Mr. Manzoor presented today by Mr. Noor Muhammad Khattak Advocate. It is fixed for preliminary hearing before Single Bench at Peshawar on 20.05.2024. Parcha Peshi given to the counsel for the appellant.<br><br>By the order of Chairman<br>REGISTRAR |

## BEFORE THE KHYBER PAKHTUNKHWA SERVICE TRIBUNAL, PESHAWAR

SERVICE APPEAL NO. 866 /2024

MR. MANZOOR V/S COMMANDANT CPC, PESHAWAR

INDEX

| S. NO | DOCUMENTS | ANNEX | PAGE |
| --- | --- | --- | --- |
| 1. | Memo of Appeal with Affidavit | ............. | 1-3 |
| 2. | Copy of impugned order dated 08/03/2020 | A | 4 |
| 3. | Copy of judgment dated 18/10/2022 | B | 5-24 |
| 4. | Copies of the departmental appeal & order dated 08/11/2023 | C & D | 25-28 |
| 5. | Copy of revision | E | 29-30 |
| 6. | Vakalat Nama | - | 31 |

APPELLANT

THROUGH:

NOOR MUHAMMAD KHATTAK
ADVOCATE SUPREME COURT

## BEFORE THE KHYBER PAKHTUNKHWA SERVICE TRIBUNAL PESHAWAR

**APPEAL NO.** 666 **/2024**

Mr. Manzoor, Ex-Constable No 132
Commandant Campus Peace,
University Campus, Peshawar.
.............................................................. **APPELLANT**

**VERSUS**

1- Commandant CPC, Peshawar
2- Chief Capital City Police Officer, Peshawar.
3- Inspector General of Police, Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar.
.............................................................. **RESPONDENTS**

**APPEAL UNDER SECTION 4 OF THE KHYBER PAKHTUNKHWA SERVICE TRIBUNAL ACT, 1974 AGAINST THE IMPUGNED ORDER DATED 08/03/2020, WHEREBY THE APPELLANT HAS BEEN DISMISSED FROM SERVICE AND AGAINST THE APPELLATE ORDER DATED 08/11/2023 WHEREBY THE PUNISHMENT OF DISMISSAL FROM SERVICE IS CONVERTED INTO COMPULSORY RETIREMENT AND AGAINST THE INACTION OF THE RESPONDENTS BY NOT DECIDING THE REVISION PETITION OF THE APPELLANT WITHIN THE STIPULATED PERIOD.**

**PRAYER:**

**That on acceptance of this appeal the impugned order dated 08/03/2020 and appellate order dated 08/11/2023 may very kindly be set aside and the appellant may kindly be re-instated into service with all consequential back benefits. Any other remedy which this august Tribunal deems fit that may also be awarded in favor of the appellant.**

**R/SHWETH:**
**ON FACTS:**

1. That appellant was initially appointed as Constable after proper approval of the District Selection Committee and after appointment the appellant started performing his duty quite efficiently and to the entire satisfaction of his high ups.

2. That after appointment, the petitioner submitted his charge report, where after service book of the petitioner was prepared and salaries of the appellant has been released.

3. That during the service, the appellant has been dismissed from service vide order dated 08/03/2020 on the basis of involvement

in criminal case FIR No 05 dated 04/01/2021 u/s 489-B PPC of Police Station Sehna Azad Kashmir. Copy of impugned order dated 08/03/2020 is attached as annexure.................................**A**

**4.** That thereafter the appellant was acquitted from the charges leveled against him by the competent court of law vide order dated 18/10/2022. Copy of judgment is attached as annexure........................................................................**B**

**5.** That appellant feeling highly aggrieved from the order dated 08/03/2020 preferred departmental appeal before the respondents, wherein the respondent vide impugned order dated 08/11/2023 converted the dismissal order of the appellant into compulsory retirement. Copies of the departmental appeal & order dated 08/11/2023 are attached as annexure.....................**C&D**

**6.** That thereafter the appellant filed a Revision Petition against the impugned appellate order, but no reply has been received so far. Copy of revision is attached as annexure...........................**E**

**7.** That appellant feeling highly aggrieved from both the impugned orders dated 08/03/2020 & 08/11/2023 passed by the respondents and having no other remedy but to file the instant appeal on the following grounds amongst the others:-

**GROUNDS:**

A- That both impugned orders dated 08/03/2020 & 08/11/2023 passed by the respondents are void in nature against the law, facts and norms of natural justice, hence not tenable and are liable to be set aside.

B- That appellant has not been treated by the respondent Department in accordance with law and rules on the subject noted above and as such the respondents violated Article 4 and 25 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan 1973.

C- That the codal formalities required for the major penalty has not been fulfilled by the respondents while issuing the impugned orders dated 08/03/2020 & 08/11/2023 passed by the respondents.

D- That no Show Cause Notice has been issued to the appellant by the respondent, before issuing the impugned orders dated 08/03/2020 & 08/11/2023.

E- That charge sheet and statement of allegation has not been issued to the appellant before issuing the impugned orders dated 08/03/2020 & 08/11/2023.

F- That no chance of personal hearing/defense has been provided to the appellant before issuing the impugned order.

G- That, the respondent Department acted in arbitrary and malafide manner while issuing the impugned orders dated 08/03/2020 & 08/11/2023.

H- That, no regular or fact-finding inquiry has been conducted in the matter which is pre-requisite as per the judgments of the Apex Supreme Court of Pakistan in punitive matters.

I- That appellant seeks permission to advance other grounds and proofs at the time of hearing.

It is therefore, most humbly prayed that appeal of the appellant may be accepted as prayed for.

APPELLANT

**Manzoor**

THROUGH:

**NOOR MUHAMMAD KHATTAK**
**ADVOCATE SUPREME COURT**

**MAHMOOD JAN**
**ADVOCATES HIGH COURT**

## AFFIDAVIT

I, Manzoor (the appellant) do hereby solemnly affirm and declare that the contents of the accompanying **Appeal** true and correct to the best of my knowledge and belief and nothing has been concealed from this Hon'ble Court.

**DEPONENT**

8

-4-

"A"

**ORDER**

Constable Manzoor No. 132 who while posted at CPC University Campus Peshawar, was involved in criminal case vide FIR No. 05 dated 04.01.2021 u/s 489/B PPC PS Sehnsa Azad Kashmir. He was proceeded against departmentally on account of misconduct mentioned above.

2. Charge sheet along with summary of allegations vide No. 307/PA dated 17.02.2021 was issued to him and DSP CPC was appointed as Inquiry Officer, who after conducted a thorough probe into the allegations, has submitted his findings vide No. 133 dated 01.03.2021. Wherein he held the accused official guilty of the charges leveled against him.

Showcase Notice vide this office No. 411/PA dated 02.03.2021 to put forward his reply or heard him in person, wherein he did not provide any solid proof or reason.

3. Finding of the enquiry officer along with connected record revealed that the accused official is guilty. In the circumstances, I Khan Akber Afridi Commandant Campus Peace. Corps University of Peshawar, being competent under Police Rules 1975, do agree with the findings of the enquiry officer.

Therefore, the accused Constable Manzoor No. 132 is hereby awarded the Major punishment of dismiss from service with immediate effect.

Order announded on dated 08.003.2021

**COMMANDANT**
Campus Peace Corps.
University Campus Peshawar

OB No. 73 / dated 08/03/2020

No. 76-78 /PA dated Peshawar the 08/03/2020

Copy for information and necessary action to

1. The Capital City Police Officer, Peshawar.
2. DSP CPC Peshawar.
3. EC/LO/ACCOUNT/OASI. CPC.
4. Official concerned.

Better Copy



## ***O R D ER***

1. ***Constable Manzoor No 132,*** Who while posted at CPC University Campus, Peshawar, it involved in criminal case vide FIR No 05 dated 04/01/2021, u/s 489-B PPC P.S Sehnsa Azad Kashmir. He was proceeded against departmentally on account of misconduct mentioned above.

2. Charge sheet alongwith summary of allegation vide No 307/PA dated 11/02/2021 was issued to him and **DSP CPC** was appointed as Inquiry Officer, who after conducting a thorough probe into the allegations, has submitted his finding vide No 133 dated 01/03/2021, wherein he held that accused official guilty of the charges levelled against him.

Show Cause Notice vide this office No 411/PA dated 02/03/2021 to put forward his rely or heard him in person, wherein he did not provide any solid proof or reason.

3: Finding of the enquiry officer alongwith connected record revealed that the accused official is guilty. In the circumstances I Khan Akbar Afridi. Commandant Campus Peace Crops University of Peshawar being competent under Police Rules, 1975 do agree with the finding of the enquiry officer.

Therefore, the accused Constable Manzoor No 132 is hereby awarded the Major punishment of dismissal from service with immediate effect.

Order announced on dated 08/03/2021.

**Commandant**
Campus Peace Corps
University Campus Peshawar.

OB No 73/ dated 08/03/2020
No 76-78/PA dated Peshawar the 08/03/2020

Copy for information and necessary action to

1. The Capital City Police Officer, Peshawar.
2. DSP CPC, Peshawar.
3. EC/LO/Account/OASI, CPC
4. Official concerned.

"B" -5-

1

# از عدالت راجہ شمریز خان ایڈیشنل سیشن جج سہنسہ

مسل نمبر:01/2021 دائرہ:22.01.2021 فیصلہ:18.10.2022

سرکار بذریعہ اورنگزیب SI افسر چوکی پولیس ہولاڑ۔ (مستغیث)

بنام

ا۔منظور خان ولد شمس الرحمان قوم پٹھان ساکن نیموڑے بابا کوٹ تحصیل وضلع چارسدہ KPK
۲۔انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن محلہ شیخان دہہ بہادر تحصیل وضلع پشاور KPK۔
(ملزمان)

مقدمہ علت نمبر 05/2021 تھانہ پولیس سہنسہ بجرم: APC 489/B

---

بحاضری وکلاء: ا۔غلام حسین چوہدری ایڈووکیٹ APP (منجانب استغاثہ)
۲۔سردار ظفر اقبال/سردار رحیم ایڈووکیٹس (منجانب ملزمان)

حکم عدالت:

مختصر اواقعات مقدمہ اسطور ہیں کہ مستغیث مقدمہ اورنگزیب SI افسر چوکی پولیس ہولاڑ نے بذیل رپورٹ دی کہ مورخہ 04.01.21 کو مستغیث معہ مجیب عالم، ندیم عباس تفتیشی ہیڈ کانسٹیبلان ،ظہیر عباس370 ، وحید اقبال 441 کانسٹیبلان کے بغرض پڑتال منشیات و اسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ ہولاڑ پل پر موجود تھا کہ بوقت 3:30 بجے دن ایک گاڑی کار مہران نمبر LEA-2827 راولپنڈی کی جانب سے آئی جس کو روک کر ڈرائیور سے نام و پتہ دریافت کرنے پر مذکور نے اپنا نام منظور خان ولد شمس الرحمان قوم پٹھان ساکن نیموڑے بابا کوٹ تحصیل وضلع چارسدہ جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے شخص نے اپنا نام انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن محلہ شیخان ڈاک خانہ دیہہ بہادر تحصیل وضلع پشاور بتلائے۔معقول شبہ کی بناء پر منظور خان مذکور کی تلاشی لینے پر مذکور کی دائیں ڈھب میں سے 1000/1000 روپے 200 جعلی پاکستانی نوٹ جبکہ انور علی کی دائیں جیب سے 1000/1000 روپے کے 97 پاکستانی جعلی نوٹ برآمد ہوئے۔ برآمد شدہ پاکستانی جعلی کرنسی کل-/2,97,000 روپے اور گاڑی کار نمبری LEA-2827 مستعملہ ملزمان

بذریعہ علیحدہ علیحدہ فردات مقبوضگی رُوبرُو گواہان مجیب عالم HC ، ندیم عباس HC ، بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لیتے ہوئے برآمد شدہ -/2,97,000 روپے پاکستانی جعلی نوٹ ہا کی ویسریفیکشن کرواتے ہوئے تصدیق حاصل کی گئی۔ بینک منیجر صاحب نے جملہ نوٹ ہا جعلی کرنسی ہونے کی تصدیق فرمائی ہے۔ سرسری دریافت ہر دو ملزمان نے بتلایا کہ وہ جعلی کرنسی کی خرید وفروخت کا کاروبار کرتے ہیں۔ اسطرح ملزمان مذکوریان نے جعلی کرنسی بغرض استعمال و فروخت اپنے اپنے قبضہ میں رکھ کر جرم APC 489/B کا ارتکاب کیا ہے۔

مستغیث مقدمہ کی اس رپورٹ پر مقدمہ علت نمبر 05/2021 درج رجسٹر تھانہ پولیس سہنسہ ہوا اور تفتیش کا عمل رواں ہوا۔ بعد تکمیل تفتیش پولیس نے مقدمہ کا چالان دائر عدالت ہذا کیا۔ دائری چالان پر ملزمان حاضر عدالت ہوئے۔ ملزمان کو نقولات مرتبہ زیر دفعہ 161 ض ف تقسیم ہوئیں۔ ازاں بعد ملزمان پر فرد جرم عائد کی گئی۔ ملزمان نے صحت الزام سے انکار کیا جس پر استغاثہ کو ملزمان کے خلاف شہادت پیش کرنے کا حکم ہوا۔ استغاثہ نے قلندرہ چالان میں کل آٹھ (08) کس گواہان کو درج کیا اور جملہ گواہان کے بیانات قلمبند کروائے۔ شہادت استغاثہ مکمل ہونے پر ملزمان کے استفسارات دوئم قلمبند ہوئے۔ ملزمان نے مکرر صحت الزام سے انکار کیا اور شہادت صفائی واپنے بیانات برحلف دینے سے کرنے سے انکار کیا۔ ازاں بعد حتمی بحث کونسل ملزمان و APP سماعت کی گئی۔

فاضل APP نے بحث میں موقف پیش کیا کہ استغاثہ نے اپنے موقف کی تائید میں آٹھ گواہان پیش کر رکھے ہیں جن کی شہادت سے موقف استغاثہ ثابت ہے اور شہادت استغاثہ میں کوئی تضاد نہ ہے۔ ہر گواہ نے چالان میں لئے گئے موقف استغاثہ کے مطابق شہادت دے رکھی ہے اور کسی گواہ کی شہادت میں کوئی تضاد نہ ہے۔ مقدمہ بخلاف ملزمان ثابت ہے۔ ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہ ہیں۔ ملزمان نے اپنے دفاع میں کوئی بھی شہادت پیش نہ کی ہے حتیٰ کہ اپنا بیان برحلف تک قلمبند نہ کروایا ہے۔ ایسی صورت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ ثابت ہونے پر ملزمان کو سخت سزا دی جائے تاکہ ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی ہو سکے۔

جوابی بحث میں فاضل کونسل ملزمان کا استدلال ہے کہ APC 489/B کا مقدمہ ہے اور FIR کے اندراج میں ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر ہے جس سے معاملہ مشکوک نظر آتا ہے۔ جعلی کرنسی کا مقدمہ ہے اور کرنسی کی بابت حبیب بینک نے تصدیق دی ہے کہ کرنسی جعلی ہے لیکن حبیب بینک کا منیجر جس نے تصدیق دی وہ بطور گواہ پیش نہ ہوا ہے اور نہ ہی دی گئی تصدیق ایگزبٹ ہوئی

ہے۔استغاثہ کی جانب سے سٹیٹ بینک میں چٹھی لکھی گئی اور سٹیٹ بینک کی جانب سے جو تصدیق دی گئی ہے وہ سٹیٹ بینک کی تصدیق بھی ایگزبٹ نہ ہوئی ہے۔مبینہ منضبط کرنسی کا ایک فرد ضبطی ایگزبٹ ہے جبکہ دوسرا ایگزبٹ نہ ہوا ہے۔اسطرح مقدمہ ثابت نہ ہوتا ہے اور مقدمہ ہذا میں کوئی پرائیویٹ گواہ نہ رکھا گیا ہے اور صرف پولیس کے ملازمین ہی گواہان ہیں جن کی شہادت پر انحصار نہ کیا جا سکتا ہے۔کرنسی نوٹ کے حوالے سے آفیسر سٹیٹ بینک پیش ہوا ہے لیکن اُس نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ رپورٹ اُس کی نہ ہے جس سے مقدمہ کی بنیاد ہی گر جاتی ہے۔ملزمان کے خلاف کیس کسی طرح بھی ثابت نہ ہے اور ان تضادات کی بناء پر ملزمان کے خلاف مقدمہ ثابت نہ ہونے کی بناء پر ملزمان کو بری کیا جائے۔

[redacted] نے بحث APP وکونسل ملزم سماعت کی۔

بحث کے تناظر میں مقدمہ اور مقدمہ میں پیش ہونے والی شہادت کا بنظر عمیق جائزہ لیا۔استغاثہ نے ملزمان کے خلاف مقدمہ جرم APC 489/B میں درج کرتے ہوئے متوقف لے رکھا ہے کہ مورخہ 04.01.21 کو مستغیث مقدمہ اورنگزیب SI چوکی افسر ہولاڑ معہ مجیب عالم، ندیم عباس تفتیشی ہیڈ کانسٹیبلان، ظہیر عباس370، وحید اقبال 441 کانسٹیبلان کے بغرض پڑتال منشیات و اسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ ہولاڑ پل پر موجود تھا کہ بوقت 3:30 بجے دن ایک گاڑی کار مہران نمبر LEA-2827 راولپنڈی کی جانب سے آئی جس کو روک کر ڈرائیور سے نام و پتہ دریافت کرنے پر مذکور نے اپنا نام منظور خان ولد شمس الرحمان قوم پٹھان ساکن نیموڑے بابا کوٹ تحصیل وضلع چارسدہ جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے شخص نے اپنا نام انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن محلہ شیخان ڈاک خانہ دیہہ بہادر تحصیل وضلع پشاور بتلائے۔معقول شبہ کی بناء پر منظور خان مذکور کی تلاشی لینے پر مذکور کی دائیں ڈھب میں سے 1000/1000 روپے کے 200 جعلی پاکستانی نوٹ جبکہ انور علی کی دائیں جیب سے 1000/1000 روپے کے 97 پاکستانی جعلی نوٹ برآمد ہوئے۔برآمد شدہ پاکستانی جعلی کرنسی کل -/2,97,000 روپے اور گاڑی کار نمبری LEA-2827 مستعملہ ملزمان بذریعہ علیحدہ علیحدہ فردات مقبوضگی زوبرو گواہان مجیب عالم IHC، ندیم عباس IHC، بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لیتے ہوئے برآمد شدہ -/2,97,000 روپے پاکستانی جعلی نوٹ ہا کی ویریفیکشن کرواتے ہوئے تصدیق حاصل کی گئی۔بینک منیجر صاحب نے جملہ نوٹ ہا کی جعلی کرنسی ہونے کی تصدیق فرمائی ہے۔تفتیش مقدمہ مستغیث مقدمہ اورنگزیب SI افسر چوکی پولیس ہولاڑ کو ہی دی گئی۔تفتیش کرتے ہوئے پولیس نے چالان مرتب کیا اور ملزمان کے خلاف چالان پیش عدالت ہذا کیا۔

استغاثہ کے اس متوقف کے تناظر میں استغاثہ نے قلندرہ چالان میں آٹھ کس گواہان کے نام درج کرر کھے ہیں اور تمام گواہان کے بیانات استغاثہ نے قلمبند کروا رکھے ہیں۔ استغاثہ کی طرف سے قلمبند شدہ گواہان کی شہادت کا بغور تجزیہ کرنے سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ گواہان کے بیانات اور اُن پر کی گئی جرح کا اہم حصہ تحریر کیا جائے۔ گواہان کے بیانات اور اُن پر کی گئی جرح بذیل تحریر کی جاتی ہے:

گواہ استغاثہ مجیب عالم P.W.1،IHC گواہ امر واقعہ، ضبطی دلے جانے جعلی کرنسی اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ "مظہر سچی شہادت دے گا۔ مظہر بطور تفتیشی چوکی پولیس ہولاڑ تعینات ہے۔ مورخہ 04.01.21 مظہر معہ ندیم عباس IHC، ظہیر عباس 370، وحید اقبال 441 کانسٹیبلان کے ہمراہ چوکی آفیسر صاحب ہولاڑ بغرض پڑتال منشیات، اسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ ہولاڑ پر موجود تھا کہ بوقت 3:30 بجے دن ایک گاڑی مہران کار نمبری LEA-2827 راولپنڈی کی جانب سے آئی جس کو روک کر ڈرائیور سے نام و پتہ دریافت کیا۔ مذکور نے اپنا نام منظور حسین ولد شمس خان قوم پٹھان ساکن باباکوٹ تحصیل وضلع چارسدہ جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے ہوئے شخص نے اپنا نام انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن محلہ شیخان تحصیل وضلع پشاور بتایا۔ منظور حسین کی تلاشی لینے پر اُس کی دائیں ڈھب سے 1000/1000 کے دوسو نوٹ جعلی جبکہ انور علی کی دائیں جیب سے 1000/1000 کے 97 نوٹ جعلی اسطرح کل دو لاکھ ستانوے ہزار جعلی کرنسی برآمد ہوئی۔ برآمد شدہ جعلی کرنسی دو لاکھ ستانوے ہزار معہ مستعملہ گاڑی ملزمان چوکی افسر صاحب نے بذریعہ علیحدہ علیحدہ فردات زیر ضبطی لائے۔ جعلی کرنسی کی تصدیق بذریعہ منیجر صاحب ہولاڑ کرائی گئی۔ ملزمان نے سرسری دریافت پر بتایا کہ وہ جعلی کرنسی کا کاروبار کرتے ہیں۔ ملزمان کو زیر مواخذہ لایا گیا۔ گاڑی زیر ضبطی لاکر احاطہ چوکی پر کھڑی کی گئی۔ حاضر عدالت ملزمان سے جعلی کرنسی برآمد ہوئی تھی۔ فرد ضبطی Exh.PA دیکھ لیا ہے جس پر دستخط Exh.PA/2 مظہر کے ہیں دیکھ لئے ہیں درست ثبت ہیں۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ "مظہر بینک میں نہ گیا تھا اور نہ ہی مظہر نے بینک میں نوٹ چیک کروائے تھے۔ مظہر نے چیک کرنے والے بینک آفیسر کو گواہ نہ رکھا ہے۔ نقشہ موقع اُسی دن بنا تھا۔ مظہر ملزمان کو پہلے سے نہ جانتا تھا۔ پھر کہتا ہے کہ یہ درست ہے کہ امروز مظہر کو نوٹ گن کر نہ دکھائے گئے ہیں۔ از خود کہا کہ نوٹ پورے ہیں۔ یہ درست ہے کہ جملہ گواہان کا تعلق پولیس سے ہے۔ پرائیویٹ گواہ نہ رکھا گیا ہے۔"

13-11-22

گواہ استغاثہ ندیم عباس IHC، P.W.2 گواہ امر واقعہ وضبطی اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ" مظہر یہی شہادت دے گا۔ مورخہ 04.01.21 کو مظہر، مجیب عالم IHC، ظہیر عباس 370، وحید 441 کانسٹیبلان کے ہمراہ چوکی انسر صاحب بسلسلہ چیکنگ/ پڑتال منشیات اسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ ہولاڑ پر موجود تھے کہ بوقت دن 3:30 بجے ایک مہران کار نمبری LEA-2827 راولپنڈی کی جانب سے آئی جس کو روک کر ڈرائیور کا نام و پتہ دریافت کرنے پر مذکور نے اپنا نام منظور خان ولد شمس الرحمان قوم پٹھان ساکن چارسدہ جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے ہوئے شخص نے اپنا نام انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن پشاور بتایا۔ معقول شبہ کی بناء پر منظور خان کی تلاشی لینے پر منظور خان کی دائیں ڈھب سے 1000/1000 روپے کے دو سو جعلی نوٹ جبکہ انور علی کی دائیں جیب سے 1000/1000 روپے کے 97 جعلی نوٹ پاکستانی کرنسی برآمد ہوئے۔ برآمد شدہ رقم دو لاکھ ستانوے ہزار پاکستانی جعلی کرنسی اور گاڑی نمبری LEA-2827 بذریعہ علیحدہ علیحدہ فرد مقبوضگی چوکی انسر صاحب نے مرتب کئے جس پر مظہر، مجیب عالم نے اپنے اپنے دستخط کئے۔ فرد مقبوضگی Exh.PA نسبت گاڑی و جعلی کرنسی جس پر دستخط مظہر Exh.PA/1 درست ثبت ہیں۔ فرد مقبوضگی Exh.PB نسبت جعلی کرنسی بر مشتمل دو قطعات جس پر دستخط مظہر Exh.PB/1 دیکھ لئے ہیں درست ہیں۔ فرد مقبوضگی Exh./PC نسبت جعلی کرنسی جس پر دستخط مظہر Exh.PC دیکھ لئے ہیں درست ہیں۔ ضبط شدہ جعلی پاکستانی کرنسی حاضر عدالت دیکھ لئے ہیں وہی ہے جس مظہر کے سامنے ضبط ہوئے تھے۔ کار نمبری LEA-2827 آرٹیکل P-1 موجود احاطہ عدالت دیکھ لی ہے وہی ہے جو مظہر کے سامنے ضبط کی تھی۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ "یہ بات درست ہے کہ جملہ کارروائی موقع پر ہوئی تھی۔ چوکی انسر اورنگ زیب SI صاحب بھی موقع پر موجود تھے۔ فردات ضبطی چوکی انسر نے خود لکھے تھے۔ مظہر نے کوئی تحریر نہ کی تھی۔ پھر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ نوٹ ضبط شدہ سٹیٹ بینک نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ یہ جعلی ہیں۔ پھر کہا کہ ہولاڑ مقامی بینک میں چیک کرانے لیئے لے گئے تھے۔ ہولاڑ بینک عصر کے بعد بند ہوتا ہے دن یاد نہ ہے، تاریخ 04.01.21 تھی۔ پھر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ جملہ کارروائی موقع پر ہوئی تھی۔ SHO تھانہ سہنسہ/ مجسٹریٹ موقع پر نہ گئے تھے۔ پھر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ مظہر نے اندازے سے دو لاکھ ستانوے ہزار بتائے ہیں۔"

گواہ ظہیر عباس کانسٹیبل نمبر 370، P.W.3 گواہ امر واقعہ اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ" مظہر یہی شہادت دے گا۔ مظہر چوکی پولیس ہولاڑ تعینات تھا۔ مورخہ

04.01.21 کومظہر، مجیب عالم، ندیم عباس تفتیشی ہیڈ کانسٹیبلان، وحید اقبال کانسٹیبل نمبر 441 کے ہمراہ ASI افسر چوکی پولیس ہولاڑ کے بغرض پڑتال منشیات، اسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ پل ہولاڑ پر موجود تھا کہ بوقت 3:30 بجے دن راولپنڈی کی جانب سے ایک کار مہران نمبری LEA-2827 آئی جس کو روک کر ڈرائیور کا نام و پتہ دریافت کیا جس نے اپنا نام منظور حسین ولد شمس الرحمان قوم پٹھان ساکن نیموڑے بابات کوٹ تحصیل و ضلع چارسدہ بتایا جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے ہوئے شخص نے اپنا نام انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن محلہ شیخاں ڈاکخانہ دیہہ بہادر تحصیل و ضلع چارسدہ بتایا۔ معقول شبہ کی بناء پر مذکوریاں کی تلاشی لینے پر منظور خان کی دائیں جیب سے 1000/1000 کے دو سو نوٹ جعلی کرنسی پاکستانی برآمد ہوئی جبکہ انور علی کی تلاشی لینے پر دائیں جیب سے 1000/1000 کے 97 نوٹ جعلی کرنسی پاکستانی برآمد ہوئی۔ برآمد شدہ کل دو لاکھ ستانوے ہزار پاکستانی کرنسی، مستعملہ گاڑی ملزمان بذریعہ علیحدہ علیحدہ فرد مقبوضگی رُو برُو گواہان مجیب عالم IHC، ندیم عباس IHC بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لیتے ہوئے فردات پر مجیب عالم، ندیم عباس کے دستخط بطور گواہ ثبت ہوئے۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ "ملزم منظور کی جامعہ تلاشی لی تھی۔ مبینہ دو سو نوٹوں کے علاوہ ایک بٹوا تھا اور ایک پرس تھا ان میں بھی پیسے موجود تھے۔ منظور سے برآمد ہونیوالے نوٹوں میں سے کسی کا بھی نمبر یاد نہ ہے۔ انور علی کے پاس بٹوا تھا اور بھی کرنسی تھی۔ کوئی ایسا بندہ نہ ملا ہے جس نے شکایت کی ہو کہ ملزمان نے جعلی کرنسی کی خرید و فروخت کی ہے۔"

<u>گواہ استغاثہ وحید اقبال کانسٹیبل نمبر P.W.4،441</u> گواہ امر واقعہ اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ "مظہر سچی شہادت دے گا۔ مظہر چوکی پولیس ہولاڑ تعینات ہے۔ مورخہ 04.01.21 کو مظہر، مجیب عالم، ندیم عباس ہیڈ کانسٹیبلان نے ظہیر کانسٹیبل نمبر 470 ہمراہ ASI صاحب آفیسر چوکی ہولاڑ بغرض پڑتال منشیات و اسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ ہولاڑ پل پر موجود تھا کہ ساڑھے تین بجے دن ایک مہران کار نمبری LEA-2827 راولپنڈی کی جانب سے آئی جس کو روک کر ڈرائیور مذکور کا نام و پتہ دریافت کیا۔ مذکور نے اپنا نام منظور خان قوم پٹھان جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے دوسرے شخص نے اپنا نام انور علی بتایا۔ معقول شبہ کی بناء پر ڈرائیور مذکور کی تلاشی لینے پر دائیں جیب سے 1000/1000 کے دو سو نوٹ جعلی کرنسی جبکہ دوسرے شخص کی دائیں جیب سے 1000/1000 کے ستانوے نوٹ برآمد ہوئے۔ برآمد شدہ جعلی کرنسی کل رقم دو لاکھ ستانوے ہزار، گاڑی مہران کار نمبری LEA-2827، SI صاحب نے علیحدہ علیحدہ فردات مقبوضگی رُو برُو گواہان مجیب عالم، ندیم عباس ہیڈ کانسٹیبل کے قبضہ پولیس میں لئے جبکہ ملزمان کو زیر مواخذہ لایا جا

کر بندحوالات چوکی کروایا گیا۔گاڑی متذکرہ بالا مستعملہ ملزمان زیرِ ضبطی لائی جا کر احاطہ چوکی پولیس کھڑی کروائی گئی۔سرسری دریافت کرنے پر ملزمان نے بتایا کہ جعلی کرنسی کی خرید وفروخت کا کام کرتے ہیں۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ" ملزمان نے خود بتایا تھا کہ وہ جعلی کرنسی کا کاروبار کرتے ہیں کسی نے شکایت نہ کی تھی۔پھر کہتا ہے کہ یہ درست ہے کہ انٹری پوائنٹ پر ہم لوگوں نے محض اندازہ کیا کہ یہ جعلی نوٹ ہیں۔پھر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ پولیس کو دیکھ کر ملزمان نے بھاگنے کی کوشش نہ کی۔یاد نہ ہے کہ کرنسی نوٹوں کے علاوہ ملزمان کے پاس کوئی رقم تھی یا نہیں۔"

<u>گواہ استغاثہ کرنسی آفیسر اسٹیٹ بینک آف پاکستان مظفر آباد برانچ،</u>

<u>P.W.5</u> گواہ رائے ماہرانہ اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ" مظہر سچی شہادت دے گا۔ راپورٹ اسٹیٹ بینک آف پاکستان Exh.PD جو کہ شامل مسل ہے ہمارے بینک کی ہے۔مگر مظہر کی قلمی ودستخطی نہ ہے۔جن کی قلمی ودستخطی تھی اُن آفیسر صاحب کا تبادلہ ہو گیا ہے۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ" یہ بات درست ہے کہ مظہر آفیسر موصوف جن کا رپورٹ مسل کے ساتھ Exh.PD شامل ہے اُن کا تبادلہ ہو چکا ہے۔وہ خود حاضر عدالت نہ آئے ہیں اور مظہر کو مجاز اتھارٹی نے حکم دیا ہے کہ آپ اُن کے بجائے شہادت قلمبند کروائیں۔"

<u>گواہ استغاثہ تنویر احمد ASI، P.W.6</u> گواہ تحویلدار مال مقدمہ اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ" مظہر سچی شہادت دے گا۔مورخہ 04.01.21 کو مظہر بطور محرر تھانہ سہنسہ تعینات تھا کہ اورنگ زیب SI افسر چوکی ہولاڑ نے مقدمہ علت 05/21 بجرم APC-489/B میں منضبطہ جعلی کرنسی 1000/1000 کے دوسوستانوے کل مبلغ دولاکھ ستانوے ہزار روپے جعلی پاکستانی کرنسی مظہر کے حوالہ کیے جو مظہر نے بعد عمل درآمد ریکارڈ محفوظ مالخانہ رکھے۔ مابعد مورخہ 06.01.21 کو جملہ کرنسی بذریعہ چٹھی بنام اسٹیٹ بینک آفیسر مظفرآباد روانہ مظفرآباد کیا گیا۔جعلی کرنسی موجود عدالت دیکھ لی ہے وہی نوٹ ہیں جو مظہر کی تحویل میں رہے۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ" مظہر کو واپس نوٹ 13.01.21 کو موصول ہوئے تھے۔مظہر نے 13.01.21 کو نوٹ دوبارہ مالخانہ میں رکھ دیئے۔یہ درست ہے کہ مظہر نے آج اندازہ کے مطابق دوسوستانوے نوٹ بتائے ہیں گنتی نہ کی ہے۔13 تاریخ سے آگے کتنے دن مظہر کے پاس رہے یاد نہ ہے۔"

3-11-21

گواہ استغاثہ اورنگزیب SI، P.W.7 گواہ مستغیث مقدمہ و حالات تفتیش

اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ ”مظہر سچی شہادت دے گا۔ مظہر مورخہ 04.01.21 کو چوکی آفیسر ہولاڑ تعینات تھا کہ بدوران پڑتال منشیات، اسلحہ ناجائز مظہر معہ مجیب عالم IHC، ندیم عباس IHC، ظہیر عباس، وحید اقبال کانسٹیبلان کے پڑتال کر رہا تھا کہ بوقت 3:30 بجے دن ایک کار مہران راولپنڈی کی جانب سے آئی جس پر ایک ڈرائیور اور ایک شخص فرنٹ سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ ہر دو کے نام دپتے دریافت کیے جنہوں نے اپنے نام حاضر عدالت ملزمان بتائے۔ کار کی تلاشی لینے پر ملزم منظور کی دائیں ڈھب سے 1000/1000 کے دو سو نوٹ اور ملزم انور علی کی جیب سے ایک نتھی 1000/1000 کے 97 نوٹ دستیاب ہوئے۔ ملزمان سے سرسری دریافت عمل میں لائی گئی جنہوں نے بتایا کہ وہ جعلی کرنسی کی خرید و فروخت کا کام کرتے ہیں۔ جعلی کرنسی دو لاکھ ستانوے ہزار کو بذریعہ علیحدہ فرد مقبوضگی رُوبرُو گواہان مجیب عالم، ندیم عباس بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لئے گئے اور گاڑی کار جو ملزمان کے زیر استعمال تھی وہ بھی تحت ضابطہ زیر ضبطی لائی گئی۔ جعلی کرنسی کی تصدیق اولاً حبیب بینک ہولاڑ سے بذریعہ مشین کروائی گئی اور ملزمان کو تحت ضابطہ زیر مواخذہ لاتے ہوئے مراسلہ بغرض چاکیدگی پرچہ بجرائم APC 489/B کے اندراج کے سلسلہ میں سہنسہ ارسال کیا جس پر SHO صاحب نے مقدمہ علت نمبر 5/21 بجرائم APC 489/B درج رجسٹر کرتے ہوئے تفتیش مقدمہ مظہر کے سپرد کی۔ مظہر نے تفتیشی مقدمہ رواں کرتے ہونے جائے وقوعہ کا خانہ برآمدگی مرتب کیا۔ گواہان کے بیانات زیر دفعہ 161 ض ف قلمبند کیے۔ جعلی کرنسی کی تصدیق کے سلسلہ میں SP آفس کوٹلی اسٹیٹ بینک کے نام چٹھی تحریر کرنے کی تحریک کی جس پر چٹھی جاری ہوئی اور جعلی کرنسی بدست مجیب عالم IHC اسٹیٹ بینک مظفرآباد ارسال کرتے ہوئے رپورٹ حاصل کی اور مکمل تفتیش کرتے ہوئے ملزمان پر جرائم APC 489/B کا ارتکاب ثابت ہونے پر چالان مرتب کر کے استدعا کی اور ملزمان کو بند حوالات جوڈیشل کوٹلی کرایا گیا۔ فرد ضبطی Exh.PA جس پر دستخط Exh.PA/3 مظہر کے ہی درست ثبت ہیں۔ فرد مقبوضگی Exh.PB جس پر دستخط Exh.PB/2 مظہر کے ہیں۔ فرد ضبطی Exh.PC جس پر دستخط مظہر Exh.PC/2 مظہر کے ہیں درست ثبت ہیں۔ مراسلہ Exh.PE جس پر دستخط مظہر Exh.PE/1 درست ثبت ہیں۔ خاکہ برآمدگی Exh.PF دیکھ لیا ہے جس پر دستخط Exh.PF/1 مظہر کے ہیں درست ثبت ہیں۔ چٹھی نسبت تصدیق بینک Exh.PG دیکھ لی ہے جس پر دستخط Exh.PG/1 مظہر کے ہیں۔ کرنسی دو لاکھ آرٹیکل P-1 نسبت ملزم منظور خان اور ستانوے ہزار آرٹیکل P-2 نسبت ملزم انور علی موجود عدالت دیکھ لی ہے جو ملزمان سے ضبط ہوئی تھی۔“

3-11-22

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ "یہ بات درست ہے کہ دوران پڑتال مظہر بطور چوکی آفیسر کسی جگہ بھی کسی شخص کو روک کر اُس کی جامعہ تلاشی لے سکتا ہے۔ یعنی مشکوک افراد کی تلاشی دوران پڑتال گاڑیوں کی چیکنگ کرتے ہیں۔ پھر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ مظہر کو بینک منیجر حبیب بینک ہولاڑ نے نوٹ چیک کر کے بتایا کہ یہ جعلی نوٹ ہیں۔ انٹری پوائنٹ سے حبیب بینک کا فاصلہ ایک فرلانگ ہوگا۔ حبیب بینک ہولاڑ بازار میں ہے۔ ہولاڑ بازار میں تقریباً سو ڈیڑھ سو دکانات ہیں۔ پھر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ قلندرہ چالان میں بینک منیجر حبیب بینک ہولاڑ کا نام درج نہ ہے۔ مظہر منیجر حبیب بینک کو گواہ رکھنا چاہتا تھا مگر اُن پر پابندی ہے کہ اسٹیٹ بینک کے ملازم کے علاوہ کوئی ملازم شہادت نہیں دے سکتا۔ پھر کہتا ہے کہ 4 کو FIR ہوئی، 5 کو مظہر نے SP صاحب کو چٹھی لکھی اور SP صاحب نے 6 تاریخ کو اسٹیٹ بینک کے نام SP صاحب نے چٹھی جاری کی۔ نوٹ 4 تاریخ سے 6 تاریخ تک محرر تھانہ کی تحویل میں رہے۔ پھر کہتا ہے کہ یہ درست ہے کہ مبینہ وقوعہ 3:30 بجے دن ہے اور اندراج مقدمہ 5 بجے دن ہے۔ مظہر نے 3:30 بجے سے 5 بجے تک ڈیڑھ گھنٹے کے عرصہ میں جملہ کارروائی کی اور اسی دوران مظہر نے بیان 161 ض ف اُسی روز قلمبند کئے تھے۔ یہ بات درست ہے کہ فرد ضبطی بنانے کے بعد گواہان فرد ضبطی کے بیانات لئے جاتے ہیں۔ مبینہ فرد ضبطی موقع پر بنایا گیا۔ بیان 161 ض ف بھی موقع پر لئے گئے۔ امر واقعہ اور ضبطی کے بیانات اُسی روز قلمبند کئے۔ یہ بات درست ہے کہ مظہر نے امر واقعہ اور ضبطی کے گواہان چوکی پولیس ہولاڑ یا تھانہ میں قلمبند نہ کئے تھے۔ مظہر نے چٹھی بنام منیجر موقع پر لکھی تھی اور وہاں سے بینک میں آتے وہاں سے پھر واپس مبینہ جائے وقوعہ پر چلے گئے پھر نقشہ خاکی برآمدگی بینک سے واپس جا کر بنایا تھا۔"

<u>گواہ استغاثہ طارق محمود P.W.8، SI/SHO</u> گواہ ترتیب FIR، اطمینان و ترتیب چالان اپنے بیان ابتدائی میں اظہار کرتا ہے کہ "مظہر سچی شہادت دے گا۔ مظہر مورخہ 04.01.21 کو تھانہ سہنسہ میں بطور SHO تعینات تھا۔ چوکی انسر ہولاڑ اورنگ زیب SI صاحب نے مراسلہ ارسال کیا اور ملزمان منظور، انور خان پیش کئے۔ چنانچہ مراسلہ کی روشنی میں جرم 489/B کا ارتکاب ہوتا پایا جا کر مقدمہ نمبر 5/21 درج رجسٹر کر کے تفتیش مقدمہ اورنگ زیب SI انسر چوکی ہولاڑ کے سپرد کی۔ SI صاحب نے مورخہ 15.01.21 کو مقدمہ کی تفتیش مکمل کرتے ہوئے مقدمہ کا چالان مرتب کرنے کی استدعا کی۔ مظہر نے مستغیث مقدمہ اورنگ زیب SI صاحب کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف قلمبند کیا اور مقدمہ کا چالان مرتب کر کے دائر عدالت مجاز کرایا۔ مقدمہ ہذا منضبطہ جعلی کرنسی دو لاکھ ستانوے ہزار کی نسبت تصدیق بھی حاصل کی۔ FIR Exh.PH دیکھ لی

3-11-2021

وہی ہے جس پر دستخط مظہر Exh.PH/1-2 مظہر کے ہیں درست ثبت ہیں۔ تفصیل کرنسی نوٹ منضبطہ پر جو نشان دستخط دیکھ لئے ہیں وہی ہیں درست ہیں۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ "یہ درست ہے کہ مظہر مبینہ جائے وقوعہ چوکی ہولاڑ پر موجود نہ تھا۔ یہ درست ہے کہ مظہر نے ملزمان کو گرفتار نہ کیا ہے۔ گرفتاری چوکی افسر ہولاڑ نے عمل میں لائی تھی۔ یہ درست ہے کہ مظہر کے ہاں چوکی افسر ہولاڑ نے مراسلہ منضبطہ جعلی کرنسی نوٹ نہ پیش کئے تھے۔ یہ درست ہے کہ مظہر نے چوکی افسر کو مستغیث رکھ کر FIR درج کی تھی۔ یہ بات درست ہے کہ جعلی کرنسی کی تصدیق چوکی افسر نے کرائی تھی، مظہر نے نہ کرائی تھی۔ مظہر نے چوکی افسر ہولاڑ کی تصدیق پر ہی اطمینان کا اظہار کیا تھا۔ یہ بات درست ہے کہ مظہر نے بینک منیجر ہولاڑ کو سماعت نہ کیا تھا چوکی افسر ہولاڑ نے سماعت کیا تھا۔ مظہر کو یاد نہ ہے کہ منیجر حبیب بینک ہولاڑ کو چالان میں گواہ رکھا تھا یا نہیں۔ مظہر کو یاد نہ ہے کہ مبینہ کرنسی نوٹ کے پارسل ہا کھول کر چیک کئے تھے یا نہیں۔"

استغاثہ کا موقف ملاحظہ کیا جائے تو استغاثہ نے مقدمہ بخلاف ملزمان بناتے ہوئے موقف لے رکھا ہے کہ مورخہ 04.01.21 مستغیث مقدمہ اورنگزیب SI چوکی افسر ہولاڑ معہ مجیب عالم، ندیم عباس تفتیشی ہیڈ کانسٹیبلان، ظہیر عباس 370، وحید اقبال 441 کانسٹیبلان کے بغرض پڑتال منشیات واسلحہ ناجائز انٹری پوائنٹ ہولاڑ پل پر موجود تھا کہ بوقت 3:30 بجے دن ایک گاڑی کار مہران نمبر LEA-2827 راولپنڈی کی جانب سے آئی جس کو روک کر ڈرائیور سے نام و پتہ دریافت کرنے پر مذکور نے اپنا نام منظور خان ولد شمس الرحمان قوم پٹھان ساکن نیموڑے باباکوٹ تحصیل وضلع چارسدہ جبکہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھے شخص نے اپنا نام انور علی ولد مکرم خان قوم پٹھان ساکن محلہ شیخاں ڈاک خانہ دیہہ بہادر تحصیل وضلع پشاور بتلائے۔ معقول شبہ کی بناء پر منظور خان مذکور کی تلاشی لینے پر مذکور کی دائیں ڈھب میں سے 1000/1000 روپے کے 200 جعلی پاکستانی نوٹ جبکہ انور علی کی دائیں جیب سے 1000/1000 روپے کے 97 پاکستانی جعلی نوٹ برآمد ہوئے۔ برآمد شدہ پاکستانی جعلی کرنسی کل -/2,97,000 روپے اور گاڑی کار نمبری LEA-2827 مستعملہ ملزمان بذریعہ علیحدہ علیحدہ فردات مقبوضگی رُوبرو گواہان مجیب عالم IHC، ندیم عباس IHC، بطور وجہ ثبوت بقبضہ پولیس میں لیتے ہوئے برآمد شدہ -/2,97,000 روپے پاکستانی جعلی نوٹ ہا کی تصدیق حاصل کی گئی۔ اسطرح استغاثہ نے جرم APC-489/B کے ارتکاب کرنے پر ملزمان کے خلاف مقدمہ بنایا۔ تفتیش کرتے ہوئے چالان بھی اسی دفعہ کے تحت ملزمان کے خلاف پیش کیا۔

3-11-22

وہی ہے جس پر دستخط مظہر Exh.PH/1-2 مظہر کے ہیں درست ثبت ہیں۔ تفصیل کرنسی نوٹ منضبطہ پر جونشان دستخط دیکھ لئے ہیں وہی ہیں درست ہیں۔"

جرح میں گواہ مذکور بیان کرتا ہے کہ "یہ درست ہے کہ مظہر مبینہ جائے وقوعہ چوکی ہولاڑ پر موجود نہ تھا۔ یہ درست ہے کہ مظہر نے ملزمان کو گرفتار نہ کیا ہے۔ گرفتاری چوکی انسر ہولاڑ نے عمل میں لائی تھی۔ یہ درست ہے کہ مظہر کے ہاں چوکی انسر ہولاڑ نے مراسلہ منضبطہ جعلی کرنسی اور نوٹ نہ پیش کئے تھے۔ یہ درست ہے کہ مظہر نے چوکی انسر کو مستغیث رکھ کر FIR درج کی تھی۔ یہ بات درست ہے کہ جعلی کرنسی کی تصدیق چوکی انسر نے کرائی تھی، مظہر نے نہ کرائی تھی۔ مظہر نے چوکی انسر ہولاڑ کی تصدیق پر ہی اطمینان کا اظہار کیا تھا۔ یہ بات درست ہے کہ مظہر نے بینک منیجر ہولاڑ کو سماعت نہ کیا تھا چوکی انسر ہولاڑ نے سماعت کیا تھا۔ مظہر کو یاد نہ ہے کہ منیجر حبیب بینک ہولاڑ کو چالان میں گواہ رکھا تھا یا نہیں۔ مظہر کو یاد نہ ہے کہ مبینہ کرنسی نوٹ کے پارسل ہا کھول کر چیک کئے تھے یا نہیں۔"

